Moderated
Moderated

COPYRIGHT RESERVED

Subject Code: 103

Final Compared Md. Wasiquzzaman

20.24...............

Candidates are required to give their answer in their own words as far as practicable
परीक्षार्थी यथासंभव अपने शब्दों में ही उत्तर दें ।
Figures in the Margin indicate full marks
दाहिनी ओर हाशिये पर दिये हुए अंक पूर्णांक निर्दिष्ट करते हैं ।

Time : 3 Hours 15 Minutes
समय : 3 घंटे 15 मिनट

Full Marks : 100
पूर्णांक : 100

| प्रश्न संख्या | प्रश्न | प्रश्न के लिए अंक |
|---|---|---|
| | SECONDARY SCHOOL EXAMINATION-2024 | |
| | (ANNUAL) | |
| | URDU(MT) | |
| | Instructions for the Candidates: | |
| | 1. Candidates must enter his/her Question Booklet Serial | |
| | No. (10 Digits) in the OMR Answer sheet. | |
| | 2. Candidates are required to give their answers in their | |
| | own words as far as practicable. | |
| | 3. Figures in the left hand margin indicate full marks. | |
| | 4. 15 minutes of extra time have been allotted for the | |
| | candidates to read the questions carefully. | |
| | 5. This question booklet is divided into two Sections. | |
| | Section-A and Section-B. | |
| | 6. In Section-A, there are 100 objective type questions, | |
| | out of which any 50 questions are to be answered. If more | |
| | than 50 questions are answered, then only first 50 will | |
| | be evaluated. Each question carries 1 mark. For answering | |

COPYRIGHT RESERVED

20.......................                                                    ......................................

Candidates are required to give their answer in their own words as far as practicable
परीक्षार्थी यथासंभव अपने शब्दों में ही उत्तर दें ।
Figures in the Margin indicate full marks
दाहिनी ओर हाशिये पर दिये हुए अंक पूर्णांक निर्दिष्ट करते हैं ।

Time :
समय :

Full Marks :
पूर्णांक :

| प्रश्न संख्या | प्रश्न | प्रश्न के लिए अंक |
|---|---|---|
| | these darken the circle with blue/black ball pen against the | |
| | correct option on OMR Answer Sheet provided to you. Do | |
| | not use whitener/liquid/blade/nail etc. on OMR Answer | |
| | Sheet, otherwise the result will be treated invalid. | |
| | 7. In Section - B, there are 4 short answer and long answer | |
| | type questions. Marks indicate left side against each | |
| | questions. | |
| | 8. Use of any electronic appliances is strictly prohibited. | |
| | ہدایات : | |
| | 1. امیدواروں کو OMR جوابی پرچہ میں اپنا سوالیہ کتابچہ کا سیریل نمبر | |
| | (10 ہندسوں میں) لکھنا ہوگا ۔ | |
| | 2. امیدواروں کے لیے ضروری ہے کہ جہاں تک ممکن ہو اپنے الفاظ میں | |
| | جواب دیں ۔ | |
| | 3. بائیں طرف حاشئے میں درج اعداد کُل مارکس ظاہر کرتے ہیں ۔ | |
| | 4. سوالات پڑھنے کے لیے امیدواروں کو 15 منٹ کا اضافی وقت دیا | |
| | گیا ہے ۔ | |
| | 5. یہ سوالیہ کتابچہ دو حصّوں پر مشتمل ہے ۔ سیکشن - A اور سیکشن - B ۔ | |

Candidates are required to give their answer in their own words as far as practicable
परीक्षार्थी यथासंभव अपने शब्दों में ही उत्तर दें ।
Figures in the Margin indicate full marks
दाहिनी ओर हाशिये पर दिये हुए अंक पूर्णांक निर्दिष्ट करते हैं ।

Time :
समय :

Full Marks :
पूर्णांक :

| प्रश्न संख्या | प्रश्न | प्रश्न के लिए अंक |
|---|---|---|
| | 6. سیکشن – A میں 100 معروضی سوالات ہیں، ان میں سے صرف 50 سوالوں کا | |
| | جواب دینا ہے۔ اگر پچاس سے زائد سوالوں کے جواب دیے جائیں گے تو | |
| | صرف پہلے 50 کو شمار کیا جائے گا۔ ہر ایک کے لیے ایک نمبر مختص ہے۔ | |
| | ان کا جواب دینے کے لیے مہیا کئے گئے OMR جوابی شیٹ پر صحیح | |
| | جواب کے سامنے نیلے/کالے بال پین سے دائرے کو بھریں۔ OMR | |
| | جوابی شیٹ پر وائٹنر/سیال/بلیڈ/ناخن وغیرہ استعمال نہ کریں ورنہ | |
| | آپ کا نتیجہ ناقابلِ قبول ہوگا۔ | |
| | 7. سیکشن – B میں 4 مختصر جواب اور طویل جواب والے سوالات | |
| | ہیں۔ ہر ایک سوال کے لیے بائیں جانب مارکس درج ہیں۔ | |
| | 8. کسی قسم کے الیکٹرانک آلات کا استعمال سختی سے ممنوع ہے۔ | |
| | SECTION-"A" | |
| | درج ذیل معروضی سوالات میں سے پچاس کا صحیح جواب منتخب کریں۔ | |
| | پچاس سے زیادہ کے جواب دینے پر شروع کے ہی 50 سوالات جانچ | |
| | کئے جائیں گے: | 50×1=50 |
| 1 | آپ کے نصاب میں شامل "حمدِ خدائے عزوجل" کے شاعر کون ہیں؟ | |
| | (A) شبنم کمالی (B) جگن ناتھ آزاد (C) سید محمد جعفری | |
| | (D) عرفانی صدیقی۔ | |

| प्रश्न संख्या | प्रश्न | प्रश्न के लिए अंक |
|---|---|---|
| 2 | شاملِ نصاب افسانہ "آشیانہ" میں سراج برکت علی صدیقی کا رشتہ | |
| | میں کون تھا؟ | |
| | (A) دوست (B) بیٹا (C) بھائی (D) والد - | |
| 3 | قمر جہاں کی پیدائش کب ہوئی؟ | |
| | (A) تقریباً 1951-52 (B) تقریباً 1952-53 (C) تقریباً 1953-54 (D) تقریباً 1954-55 | |
| 4 | سرسید نے کون سا رسالہ جاری کیا؟ | |
| | (A) شاعر (B) پیامِ مشرق (C) نقیب (D) تہذیب الاخلاق | |
| 5 | شاملِ نصاب "بھابھی جان" کا تعلق کس نثری صنف سے ہے؟ | |
| | (A) ناول (B) داستان (C) افسانہ (D) مضمون - | |
| 6 | ڈاکٹر محمد محسن کس موضوع پر مہارت رکھتے تھے؟ | |
| | (A) تاریخ (B) نفسیات (C) صحافت (D) لسانیات - | |
| 7 | زمین کا درجۂ حرارت پچھلے سو برسوں میں کتنا بڑھ گیا ہے؟ | |
| | (A) $0.65^\circ C$ (B) $0.45^\circ C$ (C) $0.55^\circ C$ (D) $0.75^\circ C$ | |
| 8 | درجِ ذیل میں لطف الرحمٰن کی کتاب کون ہے؟ | |
| | (A) یادگارِ غالب (B) نقد نگاہ (C) مقدمہ شعروشاعری (D) انار کلی - | |
| 9 | اردو کا پہلا ناول کسے قرار دیا جاتا ہے؟ | |
| | (A) مرآۃ العروس (B) فسانۂ آزاد (C) ابن الوقت (D) آگ کا دریا - | |
| 10 | آریہ بھٹ نے اپنا تجربہ گاہ کہاں قائم کیا؟ | |
| | (A) کھگول (B) تریگنا (C) پٹنہ (D) ویشالی - | |

| प्रश्न संख्या | प्रश्न | प्रश्न के लिए अंक |
|---|---|---|
| 11 | درج ذیل مصرعہ کو مکمل کیجئے: | |
| | "شاعری بھی ــــ ہے آتش مرصع ساز کا" | |
| | (A) شام (B) دام (C) کام (D) نام | |
| 12 | ندا فاضلی کی تصنیف "چہرے" کس نوعیت کی کتاب ہے؟ | |
| | (A) سفرنامہ (B) تنقیدی (C) نفسیاتی (D) خاکے ۔ | |
| 13 | شاملِ نصاب نظم "ہم نوجوان ہیں" کے شاعر کون ہیں؟ | |
| | (A) پرویز شاہدی (B) ندا فاضلی (C) جگن ناتھ آزاد (D) چکبست ۔ | |
| 14 | مثنوی "زہرِ عشق" میں کس لڑکی کا تذکرہ ہوا ہے؟ | |
| | (A) وزیر کی لڑکی (B) سوداگر کی لڑکی (C) نواب کی لڑکی (D) جنّات کی لڑکی۔ | |
| 15 | مرزا غالب کی پیدائش کب ہوئی؟ | |
| | (A) 1795ء (B) 1796ء (C) 1797ء (D) 1869ء | |
| 16 | سید محمد جعفری کہاں پیدا ہوئے؟ | |
| | (A) عظیم آباد (B) حیدرآباد (C) کراچی (D) لاہور | |
| 17 | "بکاؤلی" کس مثنوی کا کردار ہے؟ | |
| | (A) گلزارِ نسیم (B) سحرالبیان (C) بحرِ محبت (D) سوز و گداز | |
| 18 | مصحفی کی ابتدائی تعلیم کہاں ہوئی؟ | |
| | (A) رائے بریلی (B) لکھنؤ (C) آگرہ (C) امروہہ ۔ | |
| 19 | غزل عربی کے کس صنفِ شاعری سے ماخوذ ہے؟ | |
| | (A) مثنوی (B) قصیدہ (C) رباعی (D) مرثیہ ۔ | |

| प्रश्न संख्या | प्रश्न | प्रश्न के लिए अंक |
| --- | --- | --- |
| 20 | عرفان صدیقی بنیادی طور پر کس صنف کے شاعر ہیں؟ | |
| | (A) غزل (B) مرثیہ (C) نعت (D) قصیدہ۔ | |
| 21 | درج ذیل مصرعہ کو مکمل کیجئے: | |
| | "دولتِ درد کو دنیا سے ___ رکھنا" | |
| | (A) دکھاکر (B) بچاکر (C) لٹاکر (D) چھپاکر | |
| 22 | دوہے کے ہر مصرعہ میں کیا ہوتا ہے؟ | |
| | (A) ختمہ (B) وصل (C) وقفہ (D) سکتہ۔ | |
| 23 | پروین شاکر کے والد کیا تھے؟ | |
| | (A) شاعر (B) تاجر (C) معلم (D) ڈاکٹر۔ | |
| 24 | تاج محل کس مغل بادشاہ نے تعمیر کرائی تھی؟ | |
| | (A) بابر (B) جہانگیر (C) اورنگ زیب (D) شاہ جہاں | |
| 25 | "حمدِ خدائے عزوجل" میں "ذوالجلال" کس کے لیے آیا ہے؟ | |
| | (A) اولیاء کے لیے (B) خدا کے لیے (C) رسولؐ کے لیے (D) صحابہ کرام کے لیے۔ | |
| 26 | سہیل عظیم آبادی کی وفات کب ہوئی؟ | |
| | (A) 1980ء (B) 1982ء (C) 1984ء (D) 1986ء | |
| 27 | افسانہ "فرار" کا مرکزی کردار کون ہے؟ | |
| | (A) محفوظ (B) محمود (C) مقبول (D) مقصود۔ | |
| 28 | قمر جہاں کا تعلق بہار کے کس ضلع سے ہے؟ | |
| | (A) سمستی پور (B) مظفر پور (C) دربھنگہ (D) پورنیہ۔ | |

| प्रश्न संख्या | प्रश्न | प्रश्न के लिए अंक |
|---|---|---|
| 29 | نگار عظیم کی تصنیف "گردِ آوارگی" کا تعلق کس صنفِ نثر سے ہے؟ | |
| | (A) سوانح (B) تنقید (C) سفرنامہ (D) افسانہ۔ | |
| 30 | بال وگیان کانفرنس کب منعقد ہوا؟ | |
| | (A) 2002ء (B) 2004ء (C) 2006ء (D) 2008ء | |
| 31 | سرسید کی والدہ کا نام کیا تھا؟ | |
| | (A) بدرالنساء بیگم (B) عزیزالنساء بیگم (C) مہرالنساء بیگم (D) نورالنساء بیگم۔ | |
| 32 | ڈاکٹر عبدالمغنی کا کون سا مضمون آپ کے نصاب میں شامل ہے؟ | |
| | (A) دریا (B) عالمی حدت (C) آریہ بھٹ اور تریگنا (D) ادب کی پہچان | |
| 33 | بھیم راؤ کو گھر کے لوگ پیار سے کیا پکارتے تھے؟ | |
| | (A) بھیما (B) نیما (C) بھاما (D) ریما۔ | |
| 34 | لطف الرحمٰن کا کون سا مضمون آپ کے نصاب میں شامل ہے؟ | |
| | (A) آریہ بھٹ اور تریگنا (B) اردو ڈرامہ نگاری اور آغا حشر | |
| | (C) ادب کی پہچان (D) دریا۔ | |
| 35 | آریہ بھٹ کی پیدائش پٹنہ کے کس علاقہ میں ہوئی؟ | |
| | (A) پھلواری شریف (B) دیگھا (C) داناپور (D) کھگول۔ | |
| 36 | نذیر احمد کا تعلق اردو نثر کے کس صنف سے ہے؟ | |
| | (A) داستان (B) ڈرامہ (C) ناول (D) افسانہ | |
| 37 | غالب کی وفات کہاں ہوئی؟ | |
| | (A) آگرہ (B) دلّی (C) رام پور (D) عظیم آباد | |

| प्रश्न संख्या | प्रश्न | प्रश्न के लिए अंक |
|---|---|---|
| 38 | اسم معرفہ کی کتنی قسمیں ہیں؟ | |
| | (A) دو (B) تین (C) پانچ (D) سات - | |
| 39 | درج ذیل میں ماضی شکیہ کی مثال کون ہے؟ | |
| | (A) میں پڑھتا ہوں۔ (B) وہ لوگ پڑھتے ہوں گے۔ (C) وہ جائے گا۔ | |
| | (D) تم کھا چکے ہو۔ | |
| 40 | "عیدگاہ" کیا ہے؟ | |
| | (A) اسم ظرف (B) اسم آلہ (C) اسم فاعل (D) حاصل مصدر - | |
| 41 | جسم کی ضد کیا ہوگی؟ | |
| | (A) موت (B) روح (C) زندگی (D) سکون - | |
| 42 | عبادت کی جمع کیا ہوگی؟ | |
| | (A) عبد (B) معبود (C) عبادات (D) عابد - | |
| 43 | "اکرم بہادر ہے۔" اس جملہ میں "بہادر" کیا ہے؟ | |
| | (A) صفت (B) موصوف (C) فعل (D) فاعل - | |
| 44 | اسد اللہ خاں غالب میں "غالب" کیا ہے؟ | |
| | (A) لقب (B) کنیت (C) تخلص (D) عرف - | |
| 45 | درج ذیل میں اسم نکرہ کی نشاندہی کیجئے: | |
| | (A) ارشد (B) پٹنہ (C) ہمالہ (D) ندی | |
| 46 | درج ذیل میں کون سا لفظ مذکر ہے؟ | |
| | (A) آواز (B) اذان (C) نماز (D) حج - | |

| प्रश्न संख्या | प्रश्न | प्रश्न के लिए अंक |
|---|---|---|
| 47 | "اکرم کل پٹنہ آئے گا۔" یہ زمانہ کی کون سی قسم ہے؟ | |
| | (A) حال (B) ماضی (C) ماضی تمنائی (D) مستقبل ۔ | |
| 48 | افسانہ "واتر ک کے کنارے" کس کی تخلیق ہے؟ | |
| | (A) ہری موہن جھا (B) پنا لال پٹیل (C) اندرا گوسوامی | |
| | (D) مہاشویتا دیوی ۔ | |
| 49 | تیلگو کس صوبہ کی زبان ہے؟ | |
| | (A) آندھرا پردیش (B) اڑیسہ (C) تامل ناڈو (D) پنجاب ۔ | |
| 50 | "وارث شاہ سے" کس زبان کی نظم ہے؟ | |
| | (A) اردو (B) عربی (C) پنجابی (D) بنگلہ ۔ | |
| 51 | ترادوئی خالی صندوق کہاں سے لائی تھی؟ | |
| | (A) شہر سے (B) قبرستان سے (C) اسپتال سے (D) شمشان گھاٹ سے | |
| 52 | کہانی "ارجن" میں "ارجن" کس کا نام ہے؟ | |
| | (A) درخت کا (B) آدمی کا (C) پہاڑ کا (D) ندی کا ۔ | |
| 53 | غالب نے اردو کے علاوہ کس زبان میں شاعری کی؟ | |
| | (A) عربی (B) ہندی (C) فارسی (D) سنسکرت | |
| 54 | عبدالغفور کا تخلص کیا تھا؟ | |
| | (A) شہنواز (B) شہباز (C) شاکر (D) شاد ۔ | |
| 55 | مہدی افادی یو۔پی کے کس شہر میں پیدا ہوئے؟ | |
| | (A) علی گڑھ (B) گورکھپور (C) لکھنؤ (D) آگرہ ۔ | |

| प्रश्न संख्या | प्रश्न | प्रश्न के लिए अंक |
| --- | --- | --- |
| 56 | راجندر سنگھ بیدی کس شہر میں پیدا ہوئے؟ | |
| | (A) کراچی (B) لاہور (C) چنڈی گڑھ (D) امرتسر ۔ | |
| 57 | درج ذیل میں عرف کی نشاندہی کیجئے : | |
| | (A) غالب (B) ابن عمر (C) گڈو (D) خان بہادر ۔ | |
| 58 | پختہ کی ضد کیا ہوگی؟ | |
| | (A) نام (B) جام (C) خام (D) کام ۔ | |
| 59 | خادم کی جمع کیا ہوگی؟ | |
| | (A) خدّام (B) خدمت (C) خدمات (D) مخدوم ۔ | |
| 60 | درج ذیل میں کون سا لفظ مؤنث ہے؟ | |
| | (A) زمین (B) آسمان (C) آزاد (D) بادل ۔ | |
| 61 | "آسمان سے تارے توڑنا" کا کیا مطلب ہے؟ | |
| | (A) بلندی سے کودنا (B) بہت مشکل کام کرنا (C) آسمان کے تاروں کو دیکھنا | |
| | (D) آسمان کا سفر کرنا ۔ | |
| 62 | درج ذیل میں لاحقہ کو تلاش کریں ۔ | |
| | (A) لاحاصل (B) غیرحاضر (C) کتب خانہ (D) ان پڑھ ۔ | |
| 63 | شرم کا مترادف کیا ہوگا؟ | |
| | (A) نرم (B) گرم (C) حیا (D) بےشرم ۔ | |
| 64 | لفظ "ستون" کا کیا معنی ہے؟ | |
| | (A) آسمان (B) زمین (C) چھت (D) کھمبا ۔ | |

| प्रश्न संख्या | प्रश्न | प्रश्न के लिए अंक |
| --- | --- | --- |
| 65 | افسانہ "سورج کا گھوڑا" کس زبان کی کہانی ہے؟ | |
| | (A) مراٹھی (B) کنڑ (C) آسامی (D) پنجابی ۔ | |
| 66 | اردو کس زبان سے نکلی ہے؟ | |
| | (A) کھڑی بولی (B) پراکرت (C) برج بھاشا (D) فارسی ۔ | |
| 67 | تامل ناڈو میں کون سی زبان بولی جاتی ہے؟ | |
| | (A) گجراتی (B) تمل (C) کنڑ (D) مراٹھی ۔ | |
| 68 | افسانہ "انگریزیا بابو" کے مرکزی کردار کا نام کیا ہے؟ | |
| | (A) امرکانت (B) جنرد کانت (C) مدھو کانت (D) رگھو ناتھ ۔ | |
| 69 | شاملِ نصاب نظم "مناظرِ فطرت" چکبست کی کیسی شاعری کی بہترین مثال ہے؟ | |
| | (A) رومانی شاعری (B) صوفیانہ شاعری (C) تاریخی شاعری | |
| | (D) منظری شاعری ۔ | |
| 70 | جگن ناتھ آزاد کی پیدائش کب ہوئی؟ | |
| | (A) 1916ء (B) 1918ء (C) 1920ء (D) 1922ء | |
| 71 | پرویز شاہدی کا پورا نام کیا ہے؟ | |
| | (A) سید اکرم حسین (B) سید مکرم حسین (C) سید اکرام حسین (D) سید اشرف حسین | |
| 72 | نظم "بجلی کا کھمبا" کے علاوہ ندا فاضلی کی کون سی نظم آپ کے نصاب میں شامل ہے؟ | |
| | (A) انڈیا گیٹ (B) کھڑا ڈنر (C) ہم نوجوان ہیں (D) نظم بہت آسان تھی پہلے ۔ | |
| 73 | سراپا، رجز، جنگ اور شہادت کس صنف کے اجزاء ہیں؟ | |
| | (A) مرثیہ (B) قصیدہ (C) مثنوی (D) رباعی ۔ | |

| प्रश्न संख्या | प्रश्न | प्रश्न के लिए अंक |
|---|---|---|
| 74 | غزل کا آخری شعر جس میں شاعر اپنا تخلص استعمال کرتا ہے، کیا کہلاتا ہے؟ | |
| | (A) مطلع (B) مقطع (C) ردیف (D) حسن مطلع - | |
| 75 | مصحفی کی پیدائش کہاں ہوئی؟ | |
| | (A) امروہہ (B) رام پور (C) فیض آباد (D) فیروز آباد - | |
| 76 | مثنوی "زہر عشق" کس نے لکھی ہے؟ | |
| | (A) میر حسن (B) شوق لکھنوی (C) دیا شنکر نسیم (D) شوق نیموی - | |
| 77 | درج ذیل مصرعہ کو مکمل کیجئے: | |
| | " تو وہ سورج ہے تیری ---- رہ جائیں گی " | |
| | (A) گہرائیاں (B) تنہائیاں (C) رسوائیاں (D) پرچھائیاں - | |
| 78 | شاعر نے شامل نصاب گیت میں کس ندی کا تذکرہ کیا ہے؟ | |
| | (A) گومتی (B) گنگا (C) جمنا (D) کوسی - | |
| 79 | ظفر گورکھپوری کی پیدائش کب ہوئی؟ | |
| | (A) 1925ء (B) 1930ء (C) 1935ء (D) 1940ء | |
| 80 | "نو دو گیارہ ہونا" کا مطلب کیا ہوتا ہے؟ | |
| | (A) بھاگ جانا (B) گنتی کرنا (C) مطلب نکالنا (D) واپس آنا - | |
| 81 | الف ممدودہ ذیل کے کس لفظ میں ہے؟ | |
| | (A) ادب (B) انسان (C) آم (D) اگر - | |
| 82 | "خوار" کا ہم صوت لفظ کیا ہوگا؟ | |
| | (A) خاک (B) خار (C) خواب (D) خال - | |

| प्रश्न संख्या | प्रश्न | प्रश्न के लिए अंक |
|---|---|---|
| 83 | درج ذیل میں مسابقہ کی نشاندہی کیجئے۔ | |
| | (A) لاحاصل (B) عقل مند (C) عیدگاہ (D) قبرستان۔ | |
| 84 | "میں" کون صیغہ ہے؟ | |
| | (A) واحد حاضر (B) واحد متکلم (C) جمع حاضر (D) واحد غائب۔ | |
| 85 | "تم لوگ کہاں جا رہے ہو؟" یہ کیسا جملہ ہے؟ | |
| | (A) دعائیہ (B) خبریہ (C) ندائیہ (D) استفہامیہ۔ | |
| 86 | ڈاکٹر عبدالمغنی کس زبان کے استاد تھے؟ | |
| | (A) عربی (B) فارسی (C) انگریزی (D) ہندی۔ | |
| 87 | بھیم راؤ کے والد کا نام کیا تھا؟ | |
| | (A) رام جی مالوجی سکپال (B) راناجی سکپال (C) شنکر راؤ چوہان | |
| | (D) راجا جی سکپال۔ | |
| 88 | شاملِ نصاب مکتوب شہباز نے کس کے نام لکھا ہے؟ | |
| | (A) والدہ کے نام (B) والد کے نام (C) بہن کے نام (D) بیٹی کے نام۔ | |
| 89 | مہدی افادی کا تعلق کس خاندان سے تھا؟ | |
| | (A) سادات (B) شیوخ (C) انصار (D) زمیندار | |
| 90 | ناول "ایک چادر میلی سی" کے ناول نگار کون ہے؟ | |
| | (A) عصمت چغتائی (B) عزیز احمد (C) راجندر سنگھ بیدی (D) کرشن چندر۔ | |
| 91 | درج ذیل میں اسم آلہ کی نشاندہی کیجئے۔ | |
| | (A) اسکول (B) وضوگاہ (C) آگ (D) جھاڑو۔ | |

| | |
|---|---|
| 92 | محاورہ "گرم ہونا" کا کیا مطلب ہے؟ |
| | (A) آگ جلانا (B) بہت غصّہ ہونا (C) دھوپ سے گرم کرنا |
| | (D) تھک جانا۔ |
| 93 | انڈیا گیٹ کہاں واقع ہے؟ |
| | (A) دہلی (B) لکھنؤ (C) حیدرآباد (D) ممبئی۔ |
| 94 | سید محمد جعفری کی کون سی نظم آپ کے نصاب میں شامل ہے؟ |
| | (A) ہم نوجوان ہیں (B) انڈیا گیٹ (C) کھڑا ڈنر (D) بجلی کا کھمبا۔ |
| 95 | نسیم کی پیدائش کب ہوئی؟ |
| | (A) 1811ء (B) 1812ء (C) 1813ء (D) 1814ء۔ |
| 96 | حسن نعیم کا تعلق کس شہر سے ہے؟ |
| | (A) مظفرپور (B) پٹنہ (C) بہار شریف (D) گیا۔ |
| 97 | پروین شاکر کے اسلاف کا آبائی وطن کہاں تھا؟ |
| | (A) پٹنہ (B) مظفرپور (C) نالندہ (D) دربھنگہ۔ |
| 98 | اسم کے بدلے استعمال ہونے والے لفظ کو کیا کہتے ہیں؟ |
| | (A) صفت (B) ضمیر (C) اضافت (D) تمیز۔ |
| 99 | تم کیا کرتے ---؟ جملہ مکمل کریں۔ |
| | (A) ہوں (B) ہو (C) ہیں (D) ہے۔ |
| 100 | کائنات کی تخلیق کس نے کی ہے؟ |
| | (A) انسان نے (B) جنّات نے (C) اللہ نے (D) فرشتوں نے۔ |

| प्रश्न संख्या | प्रश्न | प्रश्न के लिए अंक |
|---|---|---|
| | SECTION-B | |
| 1. | درجِ ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر مضمون (۲۰۰ سے ۳۰۰ لفظوں میں) لکھئے: | 1×10=10 |
| | (a) گرمی کا موسم | |
| | (b) یومِ جمہوریہ (26 جنوری) | |
| | (c) ڈاکٹر راجندر پرساد | |
| | (d) گلوبل وارمنگ | |
| | (e) بقرعید (عیدالاضحیٰ) | |
| 2. | آپ کے دوست کے والد انتقال کر گئے ہیں، اسے ایک تعزیتی خط لکھئے اور صبر کی تلقین کیجئے۔ | 1×5=5 |
| | یا | |
| | اپنے وارڈ کاؤنسلر کے نام ایک درخواست لکھئے جس میں محلے کی صفائی اور روشنی پر توجہ مبذول کیجئے۔ | |
| 3. | درجِ ذیل سوالات میں سے کسی دس (۱۰) سوالات کا جواب مختصر دیجئے: | 10×2=20 |
| | (a) نعت میں کس کی تعریف کی جاتی ہے؟ | |
| | (b) نگار عظیم کا اصل نام کیا ہے؟ | |
| | (c) رقیہ بھابھی کس لڑکی کی تعلیم کا خرچ خود برداشت کرتی تھیں؟ | |
| | (d) سید محمد محسن کے اس افسانوی مجموعہ کا نام لکھئے جو اردو دنیا میں کافی مقبول و معروف ہوا؟ | |

| प्रश्न संख्या | प्रश्न | लिए अंक |
|---|---|---|
| | (e) قمر جہاں کے کسی دو افسانوی مجموعوں کے نام لکھئے۔ | |
| | (f) نگار عظیم کی ایک اہم تنقیدی کتاب کس بادشاہ کی شخصیت پر ہے؟ | |
| | (g) سرسید کی پیدائش کب اور کہاں ہوئی؟ | |
| | (h) نذیر احمد نے کس کی تعلیم و تربیت کے لئے ناول لکھے۔ | |
| | (i) بھیم راؤ کے ساتھ طلباء اور اساتذہ کا سلوک کیسا تھا؟ | |
| | (j) مہدی افادی کی تیسری بیگم کا نام کیا تھا اور وہ کس نام سے مشہور تھیں؟ | |
| | (k) ندا فاضلی کے کسی دو شعری مجموعوں کے نام لکھئے۔ | |
| | (l) مثنوی نگار نے سوداگر کی لڑکی کی آنکھوں کی مثال کس سے دی ہے؟ | |
| | (m) افسانہ "ارجن" کے دو کرداروں کے نام لکھئے۔ | |
| | (n) اسم کی تعریف مع مثال لکھیں۔ | |
| | (o) احمد فراز کی شاعری کا اصل محور کیا ہے؟ | |
| | (p) بچوں کے لئے ظفر گورکھپوری کے کون سے دو مجموعے شائع ہوئے ہیں؟ | |
| | (q) مراٹھی زبان کا تعلق کس صوبہ سے ہے؟ | |
| | (r) مرزا غالب کے آبا و اجداد کہاں سے ہندوستان آئے تھے؟ | |
| | (s) اردو شاعری میں مبارک عظیم آبادی کے استاد کون تھے؟ | |
| | (t) نسیم کا اصل نام کیا تھا؟ | |
| 4. | درج ذیل سوالوں میں سے کسی تین کا جواب دیجئے: | 3X5=15 |
| | (a) صنفِ غزل سے اپنی واقفیت کا اظہار کریں۔ | |
| | (b) شامل نصاب افسانہ "فرار" کا مرکزی خیال پیش کیجئے۔ | |

प्रश्न संख्या | प्रश्न | प्रश्न के लिए अंक

(c) سرسید کی حالاتِ زندگی پر روشنی ڈالیے -

(d) سورج گرہن اور چاند گرہن کے اسباب پر تفصیلی روشنی ڈالیے -

(e) درجِ ذیل الفاظ میں سے کسی پانچ کی جمع لکھیں :

(i) ضد (ii) خدمت (iii) مسئلہ (iv) ادب (v) حق

(vi) قبر (vii) ولی (viii) شاعر (ix) لفظ (x) شخص

(f) درجِ ذیل الفاظ میں سے کسی پانچ کے اضداد لکھیے :

(i) زندہ (ii) ظلم (iii) کثرت (iv) حقیقت (v) غریب

(vi) ایمان (vii) فربہ (viii) مالک (ix) آغاز (x) عالم -

—o—